آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر Autism Spectrum Disorder

آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کیا ہے؟

آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر ایک نشونمائی معذوری ہے جو کسی شخص کی دوسرے لوگوں کے ساتھ بات چیت اور تعلقات پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس کی خصوصیات میں سماجی تعلقات میں مشکل پیش آنا، گفتگو میں دقت، محدود اور بار بار ایک عمل دہرانا شامل ہیں۔ آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر ایک ایسا اسپیکٹرم ڈس آرڈر ہے جو کئی مختلف طریقوں سے اثر انداز ہو سکتا ہے۔ اس بیماری میں مبتلا کچھ لوگ اپنی روز مر ہ زندگی کے تمام امور آسانی سے انجام دے سکتے ہیں لیکن اس بیماری میں مبتلا کچھ لوگوں کو پڑھنے اور سیکھنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جس کی وجہ سے ان لوگوں کو زندگی بھر کے لیے ان امراض کے ماہر افراد کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ خواتین کے مقابلے میں مردوں کے اندر آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر میں مبتلا افراد میں 3 برس کی عمر سے قبل غیر معمولی نشوونما کا ثبوت ملتا ہے۔

آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کی عام علامات کیا ہیں؟

آٹزم کی علامات کی زیادتی کم یا زیادہ ہو سکتی ہیں۔عمومی طور پر اس کی تین طرح کی علامات ہوتی ہیں۔

1) سماجی معذوری:
مبتلا افراد دیگر افراد سے نظر چراتے ہیں اور سماجی محرکات پر کم توجہ دیتے ہیں۔ ایسے افراد دوسرے لوگوں کی طرف کم دیکھتے ہیں اور اپنا نام لیے جانے پر کوئی اظہار نہیں کرتے۔

وہ دوسروں کے ساتھ بات چیت، تعامل یا اشتراک میں پہل کرنا پسند نہیں کرتے۔

وہ بسااوقات سماجی طور پر غیر مناسب ہوسکتے ہیں، جس سے شرمندگی اٹھانا پڑ سکتی ہے۔

2) بات چیت میں مشکلات:
ان کی بولنے کی صلاحیت میں عام طور پر تاخیر ہوتی ہے کچھ افراد کے لیے اپنے جذبات اور احساسات کا اظہار مشکل عمل ہوتا ہے ایسے افراد اگر گفتگوکرتے بھی ہیں تو کم سے کم الفاظ کا سہارا لیتے ہیں۔ ان میں دوسروں کے ساتھ بات چیت کرنے کا کم رجحان ہے یا ان کا بات چیت کا اندازمختلف ہے۔ ایسے افراد اجتماعی طور پر کم معاون ہوتے ہیں اور کم گھلتے ملتے ہیں۔ کچھ میں سُنے ہُوئے لَفظوں کا فوری اعادہ کی تاخیر ہوسکتی ہے۔

بات چیت عمومی طور پر کوئی درخواست کرنے تک محدود رہتی ہے۔

ان افراد میں تصور کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے اور یہ صلاحیت عمر گزرنے کے ساتھ خراب سے خراب تر ہوتی جاتی ہے
۔

3) محدود یا بار بار ایک عمل دہرانا:

ایک ہی کام میں کھوئے رہنا مثلاً ایک ہی کھیل یا کھلونے کے ساتھ کھیلنے میں مصروف رہنا

روزمرہ کے کام کرنے میں کوئی جدت نہ لاناجیسے کہ ایک ہی راستے سے سکول جانا اور کسی قسم کی تبدیلی کو پسند نہ کرنا۔ ایسے لوگ ٹوکے جانے پر بہت برا مناتے ہیں۔

ایک عمل کا بار بار دہرانا جیسے کہ سر، ہاتھ اور جسم کے دوسرے حصوں کو بار بار ہلانا

4) دیگر علامات

ایسے افراد مختلف آوازوں، چھوئے جانا، مختلف ذائقوں، مختلف بو، روشنیوں اور رنگوں کو ضرورت سے زیادہ یا کم محسوس کر سکتے ہیں۔

کچھ افراد بہت جذباتی اور سیکھنے کی مشکلات سے بھی دو چار رہتے ہیں جب کہ کچھ افراد ضرورت سے زیادہ فعالیت، عدم توجہی، اپنے آپ کو نقصان پہنچانے، سونے میں مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں اور جارحانہ مزاج کا بھی مظاہرہ کر سکتے ہیں۔

آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کے اسباب کیا ہیں؟

آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کی بنیادی وجوہات پر تحقیق کی جا رہی ہے۔ تاہم تحقیق ثابت کرتی ہے کہ مختلف وجوہات جیسے کہ جینیاتی اور ماحولیاتی عوامل دماغ کی نشوو نما پر اثر انداز ہو سکتے ہیں ۔ آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کی بنیادی وجہ ایک انسان کی پرورش اور سماجی حالات نہیں ہوتے اور اس میں مبتلا افراد کا اتنا کوئی قصور نہیں ہوتا۔

آٹزم کا علا ج کیا ہے؟
آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کا کوئی علاج نہیں ہے۔ مختلف علاج اور رویوں کی بہتری کے لیے مخصوص طریقہ کار اس بیماری کی علامات کو ٹھیک کر سکتے ہیں اور خاطر خواہ فائدہ بھی پہنچا سکتے ہیں۔ مثالی اور بہترین علاج مختلف طریقوں کو منظم کرتا ہے جو کہ انفرادی ضروریات کو پور ا کر دیتا ہے اور زندگی میں زیادہ سے زیادہ خو د انحصاری کو فرو غ دیتا ہے۔
خاندانوں کے لیے فیملی کونسلنگ ہوتی ہے تاکہ او آٹزم کے شکاربچے کے ساتھ رہن سہن کے دوران درپیش مشکلات سے نپٹا جا سکے۔

ادویات: آٹزم سے منسلک علامات کے علاج کے لیے ڈاکٹر (ماہر طب) مختلف ادویات مہیا کر سکتے ہیں۔ جیسے کہ تشویش ، اداسی /مایوسی یا وسوسی اضطراب جیسی علامات، نفسیات سے متعلق ادویات شدید رویے کے مسائل کا علاج کرنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں۔ ایسی ادویات جو کہ توجہ کی کمی کا ڈس آرڈر کے لیے استعمال کی جاتی ہیں وہ ایسے لوگوں میں جلد بازی اور بیش فعالی کی علامات کو کم کرنے میں بہت مدد کرتی ہیں۔
بہت سے بچوں میں علامات علاج کے ساتھ بہتر ہو جاتی ہیں۔ بلوغت کے دور میں آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر سے متاثرہ کچھ بچے مایوسی کا شکار ہو سکتے ہیں یا رویوں میں خرابی کی طرف مائل ہو سکتے ہیں اور ان کے علاج کے لیے کچھ تبدیلیاں کرنی پڑتی ہیں جب وہ بلوغت میں داخل ہو رہے ہوں۔ آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر سے متاثرہ لوگوں کو مختلف سہولیات اور مدد کی ضرورت پڑتی رہتی ہے جیسے وہ بڑے ہو رہے ہوتے ہیں لیکن بہت سے لوگ اپنے کام کامیابی سے ادا کرتے ہیں اور آزادانہ طور پر یا ایک معاون ماحول میں اچھے طریقے سے رہتے ہیں۔

یہ دستاویز اس اصل متن کا ترجمہ ہے جو انگریزی میں ہے۔ کسی بھی تضاد یا عدم مطابقت کی صورت میں، انگریزی ورژن کو فوقیت حاصل رہے گی۔